سوال

(567) حالتِ رکوع میں شامل ہونے والے کی رکعت کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا حالتِ رکوع میں شامل ہونے سے رکعت شمار ہوگی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رکوع کی رکعت شمار کرنے میں علماء کا سخت اختلاف ہے، تاہم میری نظر میں راجح بات یہ ہے کہ قیام اور فاتحہ کے فوت ہونے کی بنا پر رکوع کی رکعت شمار نہیں ہوگی۔ صاحب مرعاۃ المفاتیح فرماتے ہیں :

'والحق عندی أن من أدرک الامام راکعًا ودخل معه فی الرکوع لم تحسب له تلک الرکعة' (۱۲۹/۲)

''میرے نزدیک حق بات یہ ہے کہ جو امام کے ساتھ رکوع کی حالت میں داخل ہوا، اس کی رکعت شمار نہیں ہوگی۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :497

محدث فتویٰ